حصہ "ب" (مختصر سوالات)

سوال نمبر 2: وہ کون سی پانچ چیزیں ہیں جو اسلام کا اصل عقیدہ ہیں؟

سوال نمبر 3: ہمیں اپنے وطن پاکستان سے محبت کا اظہار کس طرح کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 4: خلیفہ سلیمان بن عبدالملک اپنی موت کے وقت کس بات [illegible]

سوال نمبر 5: فاطمہ بنت عبداللہ نے اللہ کی راہ میں کس طرح اپنی جان قربان کی؟

سوال نمبر 6: مرزا غالب کی شخصیت میں کیا خوبیاں تھیں؟

سوال نمبر 7: جو لوگ ہمت ہار جاتے ہیں ان کا کیا حال ہوتا ہے؟

سوال نمبر 8: واحد کی جمع اور جمع کی واحد بتائیے۔ ذخائر، درس، توقعات، کافر

سوال نمبر 9: مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مونث الگ کریں۔ خزانہ، امامت، سکون، سلطنت

سوال نمبر 10: مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔ آن، جستجو، مشغلہ، فارغ

سوال نمبر 11: خواجہ حسن نظامی نے اپنی بیٹی کو لکھنے پڑھنے کے بارے میں کیا نصیحت فرمائی؟

سوال نمبر 12: نظام دکن نے محمد بہادر خان کو بہادر یار جنگ کا خطاب کیوں دیا؟

سوال نمبر 13: جمن کو برادری کی غلط رسموں سے کس طرح نجات ملی؟

حصہ "ج" (تفصیلی سوالات)

سوال نمبر 14: **مندرجہ ذیل جز کی تشریح بحوالہ سبق کیجیے۔**

"دنیا میں کوئی قوم ایسی نہیں ہے۔ جس نے خود ہی تمام کمالات اور تمام خوبیاں اور خوشیاں حاصل کی ہوں، بلکہ ہمیشہ ایک قوم نے دوسری قوم سے فائدہ اٹھایا ہے۔"

سوال نمبر 15: **مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔**

(الف) بشر کو ہے لازم کہ ہمت نہ ہارے — جہاں تک ہو کام آپ اپنے سنوارے

(ب) مرا جی ہے جب تک تری جستجو ہے — زباں جب تلک ہے یہی گفتگو ہے

سوال نمبر 16: **کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ حق کا پیغام۔ ہم سب ایک ہیں۔**

سوال نمبر 17: اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنے بھائی کی شادی میں شریک ہونے کی دعوت دیجیے۔

سوال نمبر 18: نظم "حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

(یا) مرزا غالب کی زندہ دلی اور حاضر دماغی کا کوئی ایک واقعہ بیان کیجیے۔